## معصوم بچوں اورخواتین کودہشت گردی کا نشانہ بنانے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں، الطاف حسین

## کراچی میں دھماکہ خوف ودہشت پھیلانے اورشہر کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل ہے

## سفاک دہشت گرد گھناؤنی کارروائیوں کے ذریعہ ملک بھر میں خوف ودہشت کی فضاء قائم کرنا چاہتے ہیں

## کراچی میں سولجر بازار کے علاقے میں دھماکہ پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔16، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں سولجر بازار کے علاقے چاندنی چوک کی کچرا کنڈی میں دھماکہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکہ میں ایک خاتون کی ہلاکت اور بچوں سمیت متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سفاک دہشت گرد گھناؤنی کارروائیوں کے ذریعہ ملک بھر میں خوف ودہشت کی فضاء قائم کرنا چاہتے ہیں، اس سے قبل دہشت گردوں نے لاہور کے مختلف علاقوں میں بم دھماکے کرکے سیکورٹی اہلکاروں سمیت متعدد شہریوں کو شہید وزخمی کردیا تھا اور آج کراچی میں جہاں امن وامان کی صورتحال بہتر ہے دہشت گردوں نے دھماکہ کردیا جو کہ شہر میں خوف ودہشت پھیلانے اور امن وامان کی صورتحال خراب کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ دین اسلام میں خواتین اور بچوں کے ساتھ حسن سلوک کا درس دیا گیا ہے اور جو عناصر اپنے مذموم مقاصد کیلئے معصوم بچوں اور خواتین کو دہشت گردی کا نشانہ بنا رہے ہیں وہ انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں دھماکہ کا فوری نوٹس لیا جائے، کراچی میں خوف ودہشت پھیلانے کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی کی جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور عملی اقدامات کئے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے دھماکہ میں جاں بحق ہونے والی خاتون کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے دھماکہ میں زخمی ہونے والے بچوں اور ایک خاتون کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ کا 26واں یوم تاسیس جمعرات کو ملک بھر میں منایا جائیگا

## یوم تاسیس کے سلسلے میں ملک بھر میں 30 سے زائد مقامات پر اجتماعات منعقد ہونگے

## مرکزی اجتماع شام 6 بجے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا بانی وقائد الطاف حسین بیک وقت اجتماعات سے خطاب کریں گے

## یوم تاسیس پر مریضوں میں پھل پھول اوراسیر کارکنان میں کھانا تقسیم کیا جائیگا

## ذمہ داران وکارکنان میں زبردست جوش وخرش، ایم کیوایم کی جانب سے پرندے آزاد کیے جائینگے

کراچی۔۔۔16، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کا 26واں یوم تاسیس جمعرات 18 مارچ کو ملک بھر میں منایا جائے گا، یوم تاسیس کے سلسلے میں ملک بھر میں 30 سے زائد مقامات پر اجتماعات منعقد کیے جائیں گے جس سے ایم کیوایم کے بانی وقائد جناب الطاف حسین بیک وقت خطاب کریں گے۔ یوم تاسیس کا مرکزی اجتماع شام 6 بجے عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں ہوگا جبکہ اندرون سندھ 19 زونل دفاتر، صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان، گلگت بلتستان، اسکردو، آزاد جموں وکشمیر کے صوبائی وضلعی دفاتر میں اجتماعات منعقد کیے جائینگے۔ متحدہ قومی موومنٹ کے 26ویں یوم تاسیس پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے مختلف پروگرام ترتیب دیئے ہیں جس کے مطابق رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست منتخب عوامی نمائندے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے اسپتالوں میں زیرعلاج مریضوں کیلئے پھل پھول تقسیم کیے جائیں گے جبکہ جیلوں میں اسیر کارکنان میں بھی پھل پھول تقسیم کیے جائیں گے، اسی طرح 18 مارچ کو ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی اور اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی جانب سے بڑی تعداد میں پرندے خصوصاً سفید کبوتر آزاد کیے جائینگے۔ 18 مارچ کو ایم کیوایم کے یوم تاسیس کے اجتماعات سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے خطاب کے سلسلے میں ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان میں جوش وخروش پایا جارہا ہے جبکہ ذمہ داران وکارکنان کی جانب سے یوم تاسیس کے اجتماعات کی تیاریوں کا سلسلہ شروع کردیا گیا اور اس سلسلے میں شہر بھر میں ایم کیوایم کے پرچم لگائے جارہے ہیں جبکہ مرکزی اجتماع گاہ لال

قلعہ گراؤنڈکوآنے والی اہم شاہراہوں اورراستوں کوبرقی قمقموں اورتہنیتی پیغامات پرمبنی بینرزلگاکرسجانے کاسلسلہ شب وروزجاری ہے ۔واضح رہے کہ 18 مارچ1984 بروزاتوارکوقائدتحریک الطاف حسین نے ایم کیوایم بنانے کااعلان کیاتھااوراب ایم کیوایم کے قیام کو26 سال پورے ہونے جارہے ہیں۔

## ڈاکٹر فاروق ستاروحق پرست اراکین قومی اسمبلی نے زاہدملک سے ان کے والدکے انتقال پرگھر جاکرتعزیت

کراچی۔۔۔16، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی ڈپٹی کنونیرووفاقی وزیرسمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستارمنگل کے روزاپرپنجاب زون کے آرگنائزرزاہدملک کی رہائشگاہ جاکران کے والدماجدملک گل زمان کے انتقال پردکھ اورافسوس کااظہارکیا۔اس موقع پران کے ہمراہ اورحق پرست اراکین قومی اسمبلی ،صوبائی تنظیمی کمیٹی انچارج وجوائنٹ انچارج واراکین بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)دریں اثناء پرکلب کے صدرافضل بٹ، دیگرصحافی اورزندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والےافراد نے بھی زاہدملک کے والدکے انتقال پرتعزیت کی۔

## ایم کیوایم پنجاب میں محروم طبقات کی آخری پناہ گاہ ہے،ڈاکٹرافتخار بخاری

## رکنیت سازی مہم میں لوگوں کامثبت رویہ ایم کیوایم کے لئے باعث فخر ہے

لاہور۔۔۔16 مارچ،2010

متحدہ قومی موومنٹ لاہورزون کے سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹرافتخار بخاری نے کاسموکلب لاہور میں تھنکرزفورم کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہاہے کہ پنجاب کی سیاسی صورت حال اور پنجاب کے غریب عوام کے ساتھ جاگیردارانہ سیاسی قیادتوں کے مسلسل نارواسلوک کی وجہ سے سیاسی کارکنوں اورعوام میں جومایوسی پیداہوئی اس کے نتیجے میں آج پنجاب کےعوام کی کثیرتعدادایم کیوایم میں شامل ہورہی ہے،ڈاکٹرافتخار بخاری نے کہا کہ ایم کیوایم پنجاب میں اس وقت محروم طبقات کے لئے ایک آخری پناہ گاہ ہےاوریہی وہ پلیٹ فارم ہے جہاں سےعوام خودہی اپنے مسائل کوحل کرسکتے ہیں اورسیاست میں ایک انقلابی تبدیلی کے لئے اہم کرداراداکرسکتے ہیں،

انہوں نے مزیدکہا کہ پنجاب اورخاص طور پرلاہور میں اہلیان پنجاب کا قائدتحریک جناب الطاف حسین کی قومی فکراور یک جہتی پربھرپوراعتماداورایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم میں جوق درجوق شمولیت کامثبت رویہ ہم سب کے لئے باعث فخر ہےاورایسےمحسوس ہورہاہے کہ پنجاب کےووٹرزکی وہ کثیرتعدادجو مایوس ہوکرگھروں میں بیٹھ گئی تھی آئندہ الیکشن میں ایک بھرپورکرداراداکرےگی اورالیکشن کےنتائج عوامی قیادتوں کےحق میں ہوں گےاورحق پرست تحریک یہاں بھرپورکامیابی سے ہم کنارہوگی۔

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹرکےکارکن سے رابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔16، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹریونٹ 77 کےکارکن دانش سلیم کی والدہ محترمہ سلمیٰ بیگم کےانتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیاہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کےتمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کاحوصلہ عطاکرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆